سوال

(140) منگنی کے لیے لڑکی سے بار بار رابطہ کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں ایک چوبیس سالہ امریکی مسلمان لڑکی ہوں اور تقریباً آٹھ برس سے مسلمان ہوئی ہوں۔ میں ان سابقہ برسوں میں یہ سچی کوشش اور تمنا کرتی رہی ہوں کہ ایک مسلمان بیوی اور ماں بن سکوں لیکن میرے خوابوں کی۔ تعبیر نہیں مل سکی اس لیے کہ میں ایک بہت ہی چھوٹی سی مسلمان کمیونٹی میں رہائش پذیر ہوں۔ پچھلے ماہ میں نے اپنی ذاتی معلومات ایک بڑی اسلامی کمیونٹی کے اسلامک سینٹر میں بھیجیں تاکہ مجھے کسی اسلامی مدرسے میں ملازمت مل جائے تو ریاست فلوریڈا میں ایک اسلامک سینٹر کے امام نے ریکارڈ پر کئی ایک پیغام چھوڑے پھر کچھ دنوں بعد اسی مسجد سے ایک شخص نے مجھ سے رابطہ کیا اور کہنے لگا کہ وہ اصل میں سعودی ہے عمر تیس برس سے زائد ہے اور دس برس سے امریکہ میں رہائش پذیر ہے اور شادی کے لیے عورت کی تلاش میں ہے۔

اس نے یہ بھی کہا کہ میری ذاتی معلومات دیکھنے کے بعد اس کے دل میں میرے ساتھ شادی کی رغبت پیدا ہوئی ہے۔ میں اپنی والدہ کے ساتھ رہائش پذیر ہوں جو کہ خود بھی مسلمان ہیں لیکن میرا کوئی قریبی مسلمان نہیں اور نہ ہی میں ریاست فلوریڈا کے کسی مسلمان کو جانتی ہوں۔ وہ شخص مستقل میرے ساتھ رابطے میں رہا والدہ کی موجودگی میں میرے ساتھ بات چیت کرتا رہتا ہے اور اس نے میری والدہ سے بھی بات کی ہے کہ وہ شادی پر رضا مند ہو جائیں اللہ تعالیٰ کی مشیت سے مجھے بھی شادی کی بہت خواہش ہے لیکن مجھے ایک پریشانی لاحق ہے وہ یہ کہ میں اس شخص کے بارے میں نہ تو خود جانتی ہوں اور نہ ہی میرا کوئی ایسا عزیز رشتہ دار ہے جو اس کے بارے میں مکمل معلومات حاصل کرسکے۔ مجھے بہت سارے ایسے قصے سن کر بہت دکھ ہوا کہ لوگ امریکہ میں آتے ہیں اور لڑکیوں کو کچھ سالوں تک سبز باغ دکھاتے ہیں اور پھر شادی کے بعد چھوڑ کر چلے جاتے ہیں۔

مذکورہ شخص نے اسلام اور دعوت و تبلیغ کے بارے میں بہت ہی محبت کا دعویٰ کیا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے بہت ہی خوشی ہے کہ آپ کی والدہ بھی مسلمان ہے اور وہ یہ چاہتا ہے کہ اگر ہماری شادی ہو جائے تو وہ میری والدہ پر بھی خرچ کرے اور یہ بھی ممکن ہے کہ ہم سعودیہ جا کر رہائش پذیر ہو جائیں۔

لیکن میں خوف زدہ ہوں کیونکہ اس نے یہ بھی کہا ہے کہ اس نے ابھی داڑھی رکھی ہے اور داڑھی منڈاتا بھی رہا ہے مجھے اس معاملے نے بہت ہی پریشان کیا ہے کیونکہ مجھے سنت میں داڑھی بڑھانے کی اہمیت کا علم ہے۔ لیکن شادی میں میرا سب سے اہم معاملہ یہ ہے کہ مجھے اس کے اعتقاد اور اسلامی تعلیمات پر عمل کے بارے میں کچھ بھی علم نہیں۔ میں نے اسلامی شادی کے بارے میں ایک کتاب پڑھی جس میں یہ تھا کہ یہ بہت ہی مشکل ہے کہ کوئی شخص ایسا شریک حیات حاصل کر لے جس میں پوری شروط پائی جائیں اس لیے صرف دین دیکھنا چاہیے کہ وہ دین پر کتنا عمل پیرا ہے لہٰذا میرے لیے یہ کیسے ممکن ہے کہ میں اس شخص کے بارے میں معلوم کروں کہ دین پر کتنا عمل پیرا ہے۔

مجھے یہ کیسے علم ہو گا کہ مذکورہ شخص اسلام کے بارے میں کتنا سچا ہے؟ مجھے اس شخص میں کون سی چیزیں دیکھنی چاہئیں؟ مجھے آپ کے تعاون کی ضرورت ہے۔ میں نے سوال ارسال کر دیا تھا اور اب اس میں کچھ اضافہ کرنا چاہتی ہوں وہ یہ کہ مجھ سے شادی چاہنے والا شخص روزانہ رابطہ کرتا ہے اور بعض اوقات تو دن میں دو بار رابطہ کرتا ہے اور یہ بھی ہے کہ اس نے قطعی طور پر ابھی تک مجھے نہیں دیکھا اور نہ ہی تصویر دیکھی ہے لیکن اس کے باوجود وہ میرے ساتھ شادی کرنے پر مصر ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اس شخص نے آپ کے ساتھ جو رویہ اختیار کیا ہے وہ غلط ہے اور جو وہ آپ سے روزانہ رابطہ کرتا ہے۔ آپ کے لیے ضروری ہے کہ اسے ایسا کرنے سے روکیں اور اپنی والدہ کو کہیں کہ وہ مذکورہ شخص کو رابطہ کرنے سے منع کردے اور اگر وہ آپ سے واقعی شادی کرنا چاہتا ہے تو اس کے لیے شرعی راستہ اختیار کرتے ہوئے آپ کے ولی کو آپ سے شادی کرنے کا پیغام دے اور منگنی کرے اور اگر آپ کا کوئی مسلمان ولی نہیں تو پھر مسلمان ملک میں حاکم وقت ولی ہوگا اور اگر حکمران بھی نہیں تو پھر ولایت مسلمانوں میں ہوگی۔ یعنی مسلمانوں میں ان لوگوں کی طرف ولایت منتقل ہوجائے گی۔ جن کی بات تسلیم کی جاتی ہے مثلاً جہاں آپ رہائش پذیر ہیں وہاں کے اسلامک سینٹر کا چیئرمین یا مسجد کا خطیب اور امام وغیرہ اور یہ بھی ضروری ہے کہ اس کے بارے میں معلوم کیا جائے کہ آیا اس میں صالح اور مسلمان خاوند کی صلاحیت بھی ہے کہ نہیں ہم اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ وہ آپ کو صالح اور نیک خاوند عطا فرمائے جو آپ کے لیے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمانبرداری میں بھی معاون ہو۔ (آمین) (شیخ محمد المنجد)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح وطلاق

ص203

محدث فتویٰ